"روز و شب" اور "شذرات" کے عنوانات پر ہیں۔
دلچسپ چیز حکیم صاحب کا روزنامچہ (ڈائری) ہے۔ یہی سب سے طویل حصہ ہے اور یہی مختلف حقائق اور مشاہدات و تجربات کے جمع ہو جانے کی وجہ سے تنوع رکھتا ہے۔
حکیم صاحب! ٹائپ سے بات بنتی نہیں۔ اب تو نوری نستعلیق وغیرہ کا راستہ ہی اپنا لیجئے۔

ماہنامہ تعلیمات | ادارت: ایک وسیع مجلس مشاورت جس کے صدر ڈاکٹر محمد اقبال ظفر ہیں۔
قیمت فی شمارہ ۴/- روپے۔ سالانہ ۴۰/- روپے۔ دفتر: ادارہ تعلیم و تحقیق جامعہ پنجاب لاہور۔

اس رسالے کے مستقل مباحث میں ملک کا نظام تعلیم، فرائض معلمین، نصابی کتب، اسلام کے تعلیمی نظریات، مسلمانوں کے تعلیمی ادارات اور تجربات جیسے موضوع شامل ہیں۔
تعلیمی اداروں، اساتذہ اور طلبا اسے بالخصوص پڑھیں۔ اگرچہ اس کا دائرۂ افادہ وسیع ہے۔

غلبۂ اسلام | از جناب راشد شاذ۔ ناشر: انسٹی ٹیوٹ آف مسلم امہ افیئرز، پی او بکس ۷۷ علی گڑھ ۲۰۲۰۰۱۔ انڈیا۔ کاغذ سفید، کتابت و طباعت اچھی۔ سرورق دبیز رنگین۔ قیمت درج نہیں۔

راشد شاذ بہت ذہین نوجوان ہیں اور علی گڑھ یونیورسٹی کی آغوش میں ان کے ذوقِ نظر نے پرورش پائی ہے۔ اور پھر ان کو بھارت کے ماحول نے سوچ بچار کا ایک سانچہ فراہم کیا ہے۔ وہ خوب سوچتے ہیں اور بے تکان پُر زور تحریریں لکھتے ہیں۔
ان کی کتاب پڑھ کر محسوس ہوا کہ اس وقت دنیا بھر میں بھی اور خصوصاً برصغیر میں احیائے اسلام کا ایک چرچا ہے اور کئی جماعتیں اور چھوٹے چھوٹے گروپ اور لئے بدلتے تصورات لے کے میدان میں آ گئے ہیں۔ شاذ صاحب ان میں محاکمہ کرنا چاہتے ہیں۔ مگر وہ جج ایسے سخت ہیں کہ ان